© rasailojaraid.com



آج کل مسلمانوں کے لیے سب سے بڑا اہم مسئلہ تعلیم کا ہے۔ کیونکہ آئندہ نسلوں کا بگڑنا اور بنا اسی پر موقوف ہے لیکن سخت افسوس اور بڑے دکھ کی بات ہے کہ مسلمان عوام میں عام طور پر تعلیمی مسائل کا شعور ہی نہیں پایا جاتا اور اس لیے ان کی اولاد اسی ڈگر پر چل رہی ہے جس پر دوسرے لوگ چل رہے ہیں۔ عام مسلمانوں میں بھی شعور پیدا کرنے کی غرض سے ندائے ملت کا یہ خاص نمبر شائع کیا گیا ہے۔ اس میں اس کی کوشش کی گئی ہے کہ ہندوستان میں مسلمانوں کی تعلیم کا ماضی حال اور مستقبل ان تینوں کی تصویر یکجا طور پر سامنے آجائے۔ چنانچہ اس میں دیو بند علی گڑھ ندوۃ۔ جامعہ۔ اور اتر پردیش میں دینی تعلیم کے مکاتب پر مقالات کے علاوہ آج کل مختلف ریاستوں میں مسلمانوں کے جو تعلیمی حالات اور اس کا نظام ہیں ان پر بھی الگ الگ مستقل مضامین ہیں اور سکولرزم کے پردہ میں آج کل ملک میں کس طرح کی تعلیم کا چلن ہے اس کی پردہ دری بھی کی گئی ہے مضامین سب کے سب محنت اور توجہ سے لکھے گئے ہیں اس لئے معلومات افزا بھی ہیں اور بصیرت افروز بھی یہ نمبر مسلمانوں کے تعلیمی مسائل پر ایک تاریخی دستاویز کی حیثیت بھی رکھتا ہے۔ اسی بنا پر مسلمانوں کے علاوہ جو حضرات تعلیم کے مضمون سے دلچسپی رکھتے ہیں ان کو بھی اس کا مطالعہ کرنا چاہیئے۔ البتہ اس نمبر کا حصۂ نظم بہت پھسپھسا اور معیار سے گرا ہوا ہے۔

**ماہنامہ الفاروق رامپور کا سیرت نمبر** مرتبہ مسرت حسین صاحب آزاد تقطیع کلاں ضخامت 196 صفحات قیمت -/3 پتہ نبر گلہ آزاد خاں۔ رامپور یو۔پی۔

الفاروق کم وبیش دو برس سے شائع ہو رہا ہے۔ اس میں مذہبی اصلاحی اور علمی و ادبی قسم کے مضامین ہوتے ہیں۔ یہ خاص نمبر سیرت مبارک پر ہے۔ اس میں مطبوعہ اور غیر مطبوعہ کی کوئی قید نہیں ایسے مقالات جمع کر دیے گئے ہیں جو مستند ہیں اور جن سے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی حیات طیبہ کے کسی نہ کسی پہلو پر روشنی پڑتی ہے۔ نثر کے علاوہ نظم کا حصہ بھی خوب ہے۔

© rasailojaraid.com